"ملن" ریڈیو پروگرام کی جانب سے رمضان المبارک میں سحر و افطار کے روزانہ اوقات معلوم کرنے کے لیے ٹیلی فون سروس کا انتظام ہے ۔ 241-2108 پر کسی بھی وقت فون کیجیے ۔

پہلی "ملن" لاٹری ۔ ریڈیو پروگرام "ملن" کا مالی موقف مستحکم کرنے کے لیے ایک ڈالر قیمت کے لاٹری ٹکٹ پاکستانی دکانوں سے یا پاکستانی علم کی خاتون ... سے حاصل کیے جا سکتے ہیں ... اگر آپ ٹکٹ فروخت کر کے ... حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اس پتہ پر لکھیے :

MELAN
CLARKSON P.O. BOX 286
MISSISSAUGA, ONT.

اسلامی لائبریری کے لیے تین ہزار ڈالر کا عطیہ

ٹورانٹو کی جامع مسجد میں اسلامی لائبریری قائم کرنے کے لیے یہاں کی ایک مخیر خاتون نے تین ہزار ڈالر کا عطیہ دیا ہے ۔

لائبریری کی تعمیر اور تنظیم کا کام رضاکارانہ طور پر کیا جا رہا ہے ۔ منتظم اپیل کرتے ہیں کہ کسی بھی زبان میں اسلامی کتابیں لائبریری کو عطیہ دے کر ... ثواب دارین حاصل کریں ۔

نیاگرا فالز (کینیڈا) میں نماز عید

نیاگرا ... مسلم ایسوسی ایشن کی ... نماز عید پڑھائی جائے گی ۔ پتہ یہ ہے :

7071 OAKWOOD DRIVE
OFF MALLOAD ROAD
CLOSE TO QUEEN E.

مزید معلومات کے لیے ذیل کے نمبروں پر فون کیجیے :

356-5414
356-1581
354-6933

(رپورٹ)

اقوام متحدہ کی ۲۹ ویں جنرل اسمبلی کا اجلاس

ہارون امین، نیویارک

ستمبر کے وسط میں ۱۳۸ ارکان پر مشتمل اقوام متحدہ کی ۲۹ ویں جنرل اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا۔ یہ اجلاس [illegible] عالمی مسائل پر غور و خوض کرے گا اور [illegible] کا حل تلاش کرنے کی [illegible] کرے گا۔

الجیریا کے ۴۲ سالہ وزیر خارجہ عبدالعزیز بوتا فلیکا اتفاق رائے سے اس اجلاس کے صدر منتخب ہوئے ہیں۔ موصوف ماضی میں اپنے ملک کے کئی وفود کی قیادت کر چکے ہیں لہٰذا امریکہ اور اقوام متحدہ کے سفارتی حلقوں [illegible]

بوتا فلیکا صاحب ایک نوجوان انقلابی سیاست داں ہیں۔ اُنھوں نے اپنے انتخاب پر اختتامی تقریر میں عالمی مسائل پر روشنی ڈالتے ہوئے فلسطینی مسئلے پر خاص طور پر زور دیا۔ اُنھوں نے کہا کہ وہ وقت آن پہنچا ہے جب دنیا پر لازم ہے کہ وہ اس مسئلے کا فوری طور پر حل تلاش کرے۔ اس مسئلے کے مناسب اور منصفانہ حل کے بغیر مشرق وسطیٰ میں امن کے قیام کی ہر کوشش ناکام رہے گی۔ یاد رہے کہ اس سال کے ایجنڈا میں ۱۱۴ مسائل پر بحث ہوگی۔ ان میں مسئلہ فلسطین پر علیحدہ بحث ہوگی۔ گذشتہ سالوں میں مسئلہ فلسطین، مشرق وسطیٰ کے سوال کا ایک حصہ [illegible]

[illegible]

آپ کے خطوط

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مکرمی! السلام علیکم

[illegible]

خدا ہمیں معاف کرے اور بصیرت عطا فرمائے۔

آپ کی بہن

اسماء وارثی

(نوواسکوشیا)

شبابِ عزیمت — ایک تاثر

[illegible]

[illegible] مرنے کی دعا مانگ رہا ہوں تاکہ لوگ اسے دفنانے آئیں تو ہمیں پھر پیسے ملیں گے اور ہم پھر کھانا کھا سکیں گے!

رُباعی

فراق گورکھپوری

زلف پُرخم عنوانِ شب موڑتی ہے
آوازِ طلسمِ تیرگی توڑتی ہے
یوں جلووں سے تیرے جگمگاتی ہے زمیں
ناگن جس طرح کینچلی چھوڑتی ہے

غزل

[illegible]

[illegible] سے چلے گئے
[illegible] چلے گئے
[illegible] اُداس ہے
[illegible] سے چلے گئے
[illegible]
تری خلوتوں کے [illegible] سے چلے گئے
[illegible] اُن کو خطا لگی
وہی سادگی سے [illegible] چلے گئے
یہ مرا فریبِ نظر نہیں مرے ہم قدم تھے یہیں کہیں
مجھے آہٹیں بھی نہ مل سکیں وہ مرے چمن سے چلے گئے
بس عمر بازوئے شوق پر سرِ ناز تھا تو ہوئی خبر
کئی رُت جگے ترے گیسوؤں کی شکن شکن سے چلے گئے
وہ مجھے مجھ سے وہ لُٹے لُٹے سرِ راہ شاد ملے تو تھے
انھیں اب وطن میں نہ ڈھونڈیے کہ وہ اب وطن سے چلے گئے

غزل

انور مرزاپوری

میں خاک ہو بھی گیا گر تری خوشی کے لیے
یہ کم نہیں ہے محبت میں زندگی کے لیے
عجیب شرط ہے بُنیادِ دوستی کے لیے
اک اجنبی کی ضرورت ہے اجنبی کے لیے
ترا ستم مجھے پیارا ہے اس قدر اے دوست
خطائیں کرتا ہوں میں تیری برہمی کے لیے
قسم ہے تجھ کو ترے حُسن کی اُٹھا دے نقاب
کہ چاند ہوتا ہے دُنیا میں چاندنی کے لیے
وہی تو گُل کے تبسم کا راز سمجھے گا
تمام عُمر جو رویا ہو اک ہنسی کے لیے
کسی طرح نہ گئی جب چمن کی تاریکی
لگا دی آگ نشیمن میں روشنی کے لیے
دلوں میں بغض ہے جن کے ابھی تک اے انور
یہ ہاتھ کیسے بڑھیں اُن کی دوستی کے لیے

نظم

[illegible]

نیا دور — کا تازہ شمارہ شائع ہو گیا

پچھلے شماروں کی طرح اس تازہ شمارے کو بھی اردو کے مشہور و معروف اہلِ قلم نے اپنی تخلیقات سے سجایا ہے ان کے علاوہ امریکہ اور کینیڈا میں مقیم اُدبا اور شعرا کی نگارشات اس میں شامل ہیں۔ اس بار ڈاکٹر قاضی برکت اللہ، طلعت اشارت، حسین امام، ہارون امین، فاروق بانی، خلیل الرحمٰن چشتی، راجو ہوشیارپوری، فیروزہ ذکی، نفیسہ ناصر، چودھری محمد نعیم، شاداں نشیمن، ڈاکٹر نور احمد شیخ نے حصہ لیا ہے۔

دیدہ زیب سرورق، عمدہ کتابت و طباعت اور اعلیٰ کاغذ کے ساتھ شائع ہونے والے اس پرچے میں ہر وہ چیز ہے جس کی آپ ایک اعلیٰ معیاری ادبی پرچے سے توقع رکھتے ہیں — پرچہ جس نے دیکھا اس نے پسند کیا۔ اپنی کاپی کے لئے ہمیں آج ہی لکھئے۔

سالانہ شرح: صرف سات ڈالر

NAYA DAUR 1065 SHADYHILL DR.
COLUMBUS, OH 43221
USA — PHONE 457-3819



بہنوں کی محفل

نفسیات کی روشنی میں

بے تکلف گفتگو کا سلیقہ قدرت کا ایک عطیہ ہے

طاہرہ واسطی

کیا آپ ہر محفل کی جان ہیں۔ اگر نہیں، تو یقیناً شرمیلی طبیعت کی مالک ہوں گی۔ اجنبی افراد سے گفتگو کا آغاز کرتے ہوئے آپ کو جھجک محسوس ہوتی ہوگی۔ اور اگر کبھی آپ کا واسطہ اپنے ہی جیسی کسی اور شرمیلی خاتون سے پڑ جاتا ہوگا۔ تو دونوں طرف لبوں پر تالے سے پڑ جاتے ہوں گے۔

اگر آپ کو اکثر ایسے حالات سے دوچار ہونا پڑتا ہے تو آئیے آپ بھی سنیئے۔ یہ مضمون آپ ہی کے لئے ہے۔

محفلوں میں عام طور پر انہی لوگوں کو مقبولیت ہوتی ہے جو بے تکلفی سے بات کرنے کا فن جانتے ہوں یہ صحیح ہے کہ بعض لوگوں کو یہ فن قدرت کی طرف سے ودیعت ہوتا ہے وہ ہر جگہ اور ہر طرح کے ماحول میں بات چیت کا آغاز کرتے ہوئے جھجک محسوس نہیں کرتے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ جن لوگوں کو قدرت نے اس خوبصورت تحفے سے محروم رکھا ہے، وہ گھروں میں بند ہو کر بیٹھ رہیں یا تنہائی پسند ہو جائیں۔ بلکہ یہ تو ایک ایسا فن ہے جسے آپ بخوبی اپنا سکتی ہیں بشرطیکہ اس کے چند بنیادی اصول یاد رکھیں۔

پہلا اصول تو یہ ہے کہ آپ دوسروں کی گفتگو کو دلچسپی اور غور سے سننا سیکھیں۔ ہم خود بات کریں تو فطری طور پر ہر ایک کی توجہ اپنی طرف چاہتے ہیں۔ لیکن جب کوئی اور بات کر رہا ہو تو بظاہر ہم اس کی بات میں کھوئے ہوتے ہیں لیکن بالعموم ہمارا ذہن کہیں اور ہوتا ہے یا پھر ہم اس کوشش میں ہوتے ہیں کہ وہ جلد از جلد اپنی بات ختم کرے تاکہ ہم اپنے قصے کا آغاز کریں۔

یہ دونوں طریقے غلط ہیں۔ دوسرے کی پتے والی بات کہنے دیجئے۔ بلکہ باہمی دلچسپی قائم رکھنے کے لئے ساتھ ساتھ اپنے فقرے بھی شامل کرتی جائیے۔ مگر دوسرے کی بات کاٹیے یا ٹوکئے نہیں۔ بہت جلد آپ محسوس کریں گی کہ آپ دونوں کے درمیان مسلسل اور بے تکلف گفتگو رواں ہو جاتی ہے۔

خوش گفتاری یہ نہیں کہ آپ کس قدر گفتگو با آسانی کر سکتی ہیں۔ بلکہ یہ ہے کہ آپ میں دوسروں سے اپنے دل کی بات کہلوانے کی کتنی قابلیت ہے۔ خواہ کوئی کتنا ہی اچھا بولنے والا کیوں نہ ہو، اسے ہمیشہ ایک اچھے سننے والے کی توجہ اور اس کے فقروں کی مدد درکار ہوتی ہے۔

اس ضمن میں میری ایک دوست کا تجربہ ہے جو شاید آپ کو دلچسپ لگے۔ لکھتی ہے:

"میں کچھ عرصہ پہلے ایک دفتر میں کام کرتی تھی۔ وہیں ایک خاموش طبع شخص بھی ملازم تھا۔ وہ سارا دن خاموشی سے اپنا کام کرتا۔ ضرورت کے سوا وہ کسی سے کوئی بات نہ کرتا اور شام ہوتے ہی گھر چل دیتا۔ وہ خوش لباس اور قبول صورت بھی تھا شاید اسی لئے دفتر کے بھی لوگ اسے مغرور یا بد دماغ سمجھ کر اس سے کتراتے، اور خود بھی اس سے بات چیت سے احتراز کرتے تھے۔

"لنچ کے لئے ایک کمرہ مخصوص تھا۔ جہاں ایک بڑی اور دو چھوٹی میزیں رکھی تھیں۔ ہم سب اپنے اپنے لنچ باکس کھول کر وہیں کھانا کھاتے۔ ایسے میں وہ بھی کونے والی چھوٹی میز پر سب سے الگ تھلگ بیٹھ کر کھانا کھاتا اور اٹھ جاتا۔

"ایک روز مجھے کچھ دیر ہو گئی۔ اور اتفاق سے مجھے اسی کے قریب کرسی ملی۔ نجانے کس جذبے کے تحت میں نے کھانے کا ڈبہ کھولا۔ تو اسے بھی کچھ چکھنے کی دعوت دی اور یہ دیکھ کر میری حیرت کی انتہا نہ رہی کہ اس نے پہلے اپنا ڈبہ کھولا ایک

طرف رکھ دیا اور مسکرا کر میرے لنچ باکس میں سے آلو قیمے کی بھجیا کا ایک چمچ اپنی پلیٹ میں ڈال لیا اور پھر ابتدائی چند جملے باتوں کے بعد ہم یوں گفتگو کرنے لگے جیسے مدتوں سے دوست ہوں ۔۔۔!"

"بعد میں اس نے مجھے بتایا کہ والدین کا اکلوتا بیٹا ہونے کی وجہ سے وہ بچپن ہی سے الگ تھلگ رہنے کا عادی تھا جوان ہونے کے بعد بھی وہ اپنی طبیعت کی جھجک کی وجہ سے دوست نہ بنا سکا اور ایک دن جب اس نے کہا کہ میں سمجھتا تھا۔ آپ بھی دفتر کے دوسرے لوگوں کی طرح بد دماغ اور مغرور ہیں تو میرا ہنستے ہنستے برا حال ہو گیا۔"

"میں تو خود اسے بد دماغ اور مغرور سمجھ کر کئی دن تک اس سے دامن بچا رہی تھی۔"

آئندہ آپ کو بھی کسی سے بات کرنے میں مشکل پیش آئے تو یہ مت سوچئے کہ آپ کو ضرور کسی شاندار فقرے یا دلچسپ جملے سے گفتگو کا آغاز کرنا چاہیئے۔ بلکہ فطری انداز میں موقع محل کے مطابق کوئی بھی بات کہہ دیجئے۔ دوسرے کو تو آغاز کے لئے موضوع دینے کی ضرورت ہے۔ وہ خود بخود بولنے لگے گا۔

اس کے علاوہ۔ اگر آپ کی بات کا انداز بیانیہ کی بجائے سوالیہ ہوگا تو دوسرا یقیناً جواب دینے پر مجبور ہوگا اور یوں پردہ اٹھ گیا۔ تو گفتگو ایک خوبصورت کھیل کی طرح چل نکلے گی اس لئے ہمیشہ یاد رکھئے کہ دوسرے سے بات چیت ہمیشہ سوالوں میں کیجئے۔ لیکن یہ بھی یاد رکھیئے کہ یہ سوال کبھی ذاتی نوعیت کے نہیں ہونے چاہئیں۔ بلکہ عام قسم کے سوالات کیجئے۔ دوسرے کی پسند، ناپسند، ہوبی، پیشے، فیشن، فلم، کتابیں، سیاست غرض کہ بے شمار موضوعات ہیں۔ کسی ایک کا انتخاب کرکے اپنی بات کا آغاز کیجئے۔

آپ کے بولنے کا انداز اور آواز کا اتار چڑھاؤ بھی ایک خاص اہمیت کے حامل ہیں۔ آواز اگرچہ خوبصورت ہو اور اس میں قدرتی زیروبم ہوں تو غضب کی گفتگو سنتا جائے۔ اکتاہٹ نہیں کرتا اور ایک ایسی خوبی ہے۔ جسے آپ بخوبی اپنا سکتی ہیں۔ صبح کے آغاز میں اپنے فطری انداز میں۔ آہستگی سے یوں گفتگو کیجئے کہ ہر لفظ صاف سنائی دے اور سمجھا جا سکے اس کے علاوہ فارغ اوقات میں اخبارات، کتب اور رسائل پڑھیئے اس سے آپ کی روزمرہ معلومات میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور محفلوں میں بات چیت کا موضوع با آسانی مل جاتا ہے۔

کاؤ اکسٹر اپنے دوست کو پاگل خانے کی سیر کرا رہا تھا۔ اس نے ایک مریض کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "اس شخص کو دیکھو اس کی بیوی پہلی ہی رات کو چھوڑ کر بھاگ گئی تھی!"

دوست نے افسوس کا اظہار کیا۔ "واقعی یہ ستم کا کوئی علاج نہیں کیا جا سکتا!"

ڈاکٹر ایک دوسرے پاگل کی طرف بڑھا بولا "اس پاگل کو غور سے دیکھو!"

دوست نے کھڑکی کی سلاخوں سے جھانکتے ہوئے پاگل کو غور سے دیکھا اور افسوس سے پوچھا "یہ کیوں پاگل ہوا؟"

ڈاکٹر نے جواب دیا "یہ وہ شخص ہے جو اس پاگل کی بیوی لے بھاگا تھا!"

عورت دنیا میں صرف بیٹی، بہن اور ماں بنتی ہے

عورتیں شیشے ہیں ان کی حفاظت کرو۔
(حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

عورت بھید نہیں چھپا سکتی بلکہ اسے چھپانے کے لئے دوسرے کو دے دیتی ہے۔ (امام غزالی)

نیک آدمی کے لئے بری عورت اس کے لئے دنیا ہی جہنم ہے۔ (شیخ سعدی)

عورت کے دل کا مدفن عظیم الشان ہے۔ اس کا دل علم مخفی ہے جس کے بھید آج تک نا معلوم ہیں۔
(ابوالکلام آزاد)

عورت کو سونے کی زنجیر سے باندھ رکھو تاکہ تم پر سوار نہ ہو سکے۔ (نپولین)

عورت وہ راز ہے جس کا قفل اسرار سے بھرا ہوا ہے۔ (کالی داس)

جو عورت موت سے نہیں ڈرتی اس کی بے عزتی کرنے کی ہمت کون کر سکتا ہے اس کی آنکھوں میں اتنا جلال ہوگا۔ کہ سامنے کھڑا ہوا ابوالہوس وہیں کا وہیں ڈھیر ہو جائے گا۔ (گاندھی جی)

اپنے عیب معلوم کرنا چاہتے ہو تو جان پہچان کی عورتوں سے معلوم کرو۔ (سقراط)

عورت کا تقدس اس امر کا متقاضی ہے کہ اسے اجنبی نگاہوں سے ہر طور محفوظ رکھا جائے عورت ایک بہت ہی عظیم ذریعہ تخلیق ہے اور حقیقت ہے کہ دنیا کی تخلیق قوتیں مستور و محجوب ہیں۔ (علامہ اقبال)

عورت انسان اور فرشتوں کے درمیان ایک مخلوق ہے۔ (ڈاکٹر جانسن)

عورت دنیا میں صرف بیٹی، بہن اور ماں بنتی ہے
(سٹیل)

عورت کو خدا نے صرف محبت کے لئے پیدا کیا ہے عورت ہی وہ ہستی ہے جو عشق و محبت کی حقیقت پہچانتی ہے۔ (بدھ مت)

اگر مرد یہ جان لیں کہ عورتیں خلوت کے فارغ لمحوں میں کیا کرتی ہیں تو وہ کبھی خوش نہ ہوں۔ (او ہنری)

مرد اس لئے آپ کو پسند کرتا ہے کہ وہ آپ کو اچھا سمجھتا ہے لیکن عورت اس لئے آپ کو اچھا سمجھتی ہے کہ آپ اسے اچھا سمجھتے ہیں۔ (آرنلڈ بینٹ)

مناظر حسن اس وقت شروع ہوا جب دوسری عورت روئے زمین پر آئی۔ (ادھی بھیا)

آدمی سب سے آخر میں عورت کو مہذب یافتہ کر سکا۔ (جارج میریڈتھ)

محبت مرد کی زندگی کے دوسرے کاموں کی طرح ایک کام ہے لیکن عورت کی زندگی کا ماحصل محبت ہی ہے
(بائرن)

تین آدمی ان تین صورتوں میں پہچانے جاتے ہیں:

بردبار اور حلیم غصے کے وقت،

دلیر اور شجاع لڑائی کے وقت

دوست اور بھائی حاجت کے وقت

(لقمان)

مجھے پیار دے دو

زیب نقوی ہاکوی

نہ پائی کہیں جس نے خوشیوں کی منزل
ہمیشہ جو احساس غم میں رہی ہے
وہ صحراؤں سے جس کا رشتہ رہا ہے
وہ اک زندگی جو جہنم میں پلی ہے
تم اُس کو بہاروں کا اپہار دے دو
مجھے پیار دے دو، مجھے پیار دے دو

ہے آنکھوں میں ویرانیوں کا بسیرا
اندھیری نگر اور اندھی نگاہیں
ہے مدت سے دل کی نگر سونی سونی
ہیں کب سے مقدر میں آنسو اور آہیں
میری زندگی کو سنگھار دے دو
مجھے پیار دے دو، مجھے پیار دے دو

غموں سے ہی بھر دیجئے میرا دامن
زمانے کی ساری خوشی آپ لے لیں
لبوں سے مرے چھین کر ہر تبسم
مرے گیت میری ہنسی آپ لے لیں
میں خوش ہوں اشکوں کی دھار دے دو
مجھے پیار دے دو، مجھے پیار دے دو

میں جی لوں گی ناکامیوں میں ہی رہ کر
تمہیں زیست کی کامیابی مبارک
خوش آئیں تمہیں قربتیں منزلوں کی
مہکتی ہوئی زندگانی مبارک ــــ
چلو! جیت تم لو، مجھے ہار دے دو
مجھے پیار دے دو، مجھے پیار دے دو

وہ چشم کرم ہو کہ ہو چشم برہم
سلیقے سے آتا ہے ہر زہر پینا
بہار و خزاں کی نہیں فکر مجھ کو
مجھے تو ہر عالم میں آتا ہے جینا
لو تم پھول لے لو مجھے خار دے دو
مجھے پیار دے دو، مجھے پیار دے دو

مرا ساز دل کب سے ٹوٹا پڑا ہے
تم اِس ساز میں پیار کے گیت بھر دو
جسے سن کے کونین ہو جائے بے خود
مری روح میں ایسا سنگیت بھر دو
مرے پیار کو ایسی جھنکار دے دو
مجھے پیار دے دو، مجھے پیار دے دو

سکھی

زندگی کی حسین راہوں میں
جب کبھی یاد میری آ جائے
جب کبھی یاد آئیں وہ لمحات
ہم نے مل جل کے جو گزارے ہیں
میری اتنی سی التجا ہے سکھی
میری ساری خطائیں بھول کے تو
پیاری یادوں کے ان جھروکوں میں
"میری اچھائیاں سجا لینا"

نور جہاں نور

لذتِ طعام

سیخ کباب:

اشیاء:۔ آدھ سیر صاف قیمہ، گرم مصالحہ، نمک، ایک تلی ہوئی پیاز، ایک کھانے کا چمچ بھنا اور پسا ہوا دھنیا، ایک چائے کا چمچ بھنی ہوئی خشخاش اور ایک انڈا۔

ترکیب:۔ پہلے تمام اشیاء کو ملا کر پیس لیں۔ انڈا توڑ کر آمیزے میں شامل کر لیں۔ پھر کباب کو سیخوں پر چڑھا کر دہکتے ہوئے کوئلوں کی انگیٹھی پر رکھ دیں۔ اگر انگیٹھی نہ ہو تو چولہے پر بنا لیں۔ سیخوں کو الٹتی رہیں۔ تاکہ سرخ ہو جائیں۔ ساتھ ہی روئی کے پھائے سے گھی بھی لگاتی رہیں جب تیار ہو جائیں تو گرم گرم کباب پیاز کے لچھوں اور چٹنی کے قتلوں کے ساتھ پیش کریں۔

●

کلیجی کا کباب:۔

اشیاء:۔ کلیجی بکرے یا گائے کی آدھ سیر، ادرک ایک انچ کا ٹکڑا، لہسن ایک پوتھی۔ دارچینی، الائچی، سفید زیرہ حسب ضرورت۔ پیاز ایک گٹھی، سرخ مرچ ثابت ۲ عدد، سیاہ مرچ حسب منشا، گھی تھوڑا، دہی ایک چھٹانک، نمک حسب ذائقہ۔

ترکیب:۔ کلیجی کی پتلی پتلی قاشیں کاٹ لیں۔ اب اس کو چاقو سے گود دیں تاکہ تمام مسالے جذب ہو جائیں۔ پیاز باریک کاٹ کر سرخ مرچ کے ساتھ گھی میں سرخ کرکے نکال لیں۔ اب تمام مسالے کے ساتھ سل پر پیس لیں اب تمام مسالے دہی اور نمک کلیجی میں ملا دیں اور اس کو دو گھنٹہ کے لئے رکھ دیں۔ پھر فرائی پین میں گھی گرم کرکے تل لیں۔ لیجئے کباب تیار ہے۔ سلاد کے ساتھ گرم گرم نوش فرمائیں۔ نہایت لذیذ ہوگا۔

●

قیمہ کی پوری۔

لوازمات:۔ میدہ ایک سیر، پیاز ایک پاؤ، قیمہ ایک سیر، دہی آدھ پاؤ۔ نمک ایک چھٹانک، لہسن آدھی چھٹانک، اور گرم مسالہ۔

ترکیب:۔ پیاز کو کاٹ کر سرخ کر لیں اور پھر تمام مصالحہ ڈال کر قیمہ بھون لیں۔ جب قیمہ گل جائے تو اتار لیں۔ اب میدے کو اچھی طرح گوندھ لیں اور پھر پوریاں بنا کر ان میں قیمہ بھر دیں اور گھی کی کڑاہی میں تل لیں۔

●

قیمہ کا پلاؤ۔

اشیاء:۔ چاول ایک سیر، قیمہ آدھ سیر، تھوڑا سا ادرک، لہسن آدھ گٹھی، پیاز دو عدد۔ دس عدد سرخ مرچ، گرم مصالحہ، سوکھا دھنیا حسب ضرورت، نمک حسب پسند، گھی حسب ضرورت۔

ترکیب:۔ گرم مصالحہ لہسن مرچ دھنیا سب چیزیں باریک پیس لیں۔ پیاز دیگچی میں ڈال کر گھی میں سرخ کر لیں۔ پیاز سرخ ہو جائے تو پسا ہوا مصالحہ اور قیمہ ڈال کر بھونیں۔ جب گھی علیحدہ نظر آنے لگے اور قیمہ گل جائے تو بھیگے چاول لیں۔ ان سے ڈیڑھ گنا پانی ڈال لیں جب پانی ابلنے لگے تو چاول ڈال دیں۔ ایک کنی رہ جائے تو دم پر رکھ دیں۔ پندرہ منٹ کے اندر پلاؤ تیار ہو جائے گا۔

گذارش

"عید نمبر" کے لئے ہمیں سیٹھی سیریاں، پلاؤ، لوبیہ بریانی کے پکوان کی مختلف ترکیبیں لکھ بھیجئے تاکہ وطن سے دور یہاں دیار غیر میں بسنے والے پکوان سے ناواقف افراد اس سے مستفید ہوں اور عید کا لطف اٹھا سکیں۔ آپ کی نگارشات ہمیں اواخر اکتوبر تک مل جانی چاہئیں۔ شکریہ!!

(ادارہ)

FOR SALE
MUZAFFAR
REAL ESTATE BROKER
449-4317

ٹورانٹو میں
پہلے پاکستانی
ریئل اسٹیٹ بروکر

رہائشی، دیہاتی، کمرشل اور فارم وغیرہ کی جائیدادوں
کی خرید و فروخت اور MORTGAGES کی منظوری
کے لیے ہر قسم کی معلومات کے لیے مجھ سے رابطہ قائم کیجئے

FOR SALE
MUZAFFAR
REAL ESTATE BROKER
449-4317
MORTGAGES
APPRAISALS

19 NORTHDALE ROAD, WILLOWDALE, ONTARIO M2L 2L8

بلوچستان کی حکومت نے مقامی اور غیر مقامی کا امتیاز ختم کر دیا

[illegible]

کشمیر کا بھارت کے ساتھ الحاق ناگزیر ہے — شیخ عبداللہ کا دعویٰ

بھارتی لیڈروں کے ساتھ کامیاب بات چیت ہوئی ہے

[illegible]

نوے سالہ پرانا مسئلہ حل کرنے پر وزیر اعظم بھٹو و شرکائے تحریک قابل ستائش ہیں

قادیانی سچے دل سے اسلام قبول کر کے اپنی عاقبت سنوار لیں: مولانا مودودی

گرفتاریوں کا سلسلہ بند کر کے اسیروں کو رہا کرنے کا مطالبہ

[illegible]

قبول اسلام

[illegible]

[illegible]

بلوچستان کا مسئلہ اگر تحریک حل ہو جائے گا

صوبے میں فوج کی ابھی ضرورت نہیں

بلوچ لیڈر مسلسل قید رہے تو بلوچستان میں مشرقی پاکستان کی سی صورت حال پیدا ہو جائے گی

یحییٰ خان پر مقدمہ چلایا گیا تو ہم فوجی کارروائی کی حقیقت ثابت کر دیں گے

نیپ پر وطن دشمنی کا الزام غلط ہے: ملک اور حکومت کی وفاداری میں فرق ہونا چاہیے۔ ولی خان

[illegible]

روس نے کشمیر کو بھارت کا حصہ تسلیم کرنے سے انکار کر دیا

متنازعہ مسئلہ پاکستان کے ساتھ بات چیت کے ذریعے طے کرنے کا مشورہ

[illegible]

PAKISTAN FILMS CLUB OF TORONTO
Proudly Presents
EID'S SPECIAL
First Pakistani Movie ever shown
in Toronto with English Sub-titles

Seven awards winning movie

AHSAS (Color) احساس (رنگین)
with English sub-titles

[illegible]

عید مبارک کا خاص تحفہ

[illegible]

... details please call 241-2108

[illegible]

PAKISTAN FILMS CLUB OF TORONTO
once again Presents
Two movies in $2.00

دو ڈالر میں دو فلمیں

ANSOO BAN GAI MOTEE
"آنسو بن گئے موتی"
ستارے: شبنم، اعجاز، رحمٰن، صاعقہ اور طالش

DOSTI
"دوستی" (رنگین)
ستارے: محمد علی، شمیم آرا اور ساقی

(ساتھ ہی رنگین فلم "احساس" کا ٹریلر اور پاکستان کی تازہ ڈاکومینٹری فلم بھی دیکھئے)

Sat. Oct. 5th, Ansoo Ban Gai Motee at 5.30 PM
Dosti at 8.30 PM

Sun. Oct. 6th, Ansoo Ban Gai Motee at 2.30 PM
Dosti at 5.30 PM

AT ETOBICOKE COLLEGIATE INSTITUTE
86 Montgomery Road, Near Royal York Subway

FOR INFORMATION PLEASE CALL: 241-2108

کشمیری عوام کو حق خود اختیاری دیئے بغیر مسئلہ کشمیر ختم نہیں ہو سکتا

بھارت کے ایٹمی دھماکہ سے پاکستان کا توازن نہیں بگڑا

ہم جامع ایٹمی پروگرام کے باوجود "پُرامن دھماکہ" نہیں کریں گے : وزیر اعظم بھٹو

قادیانیوں کے مسئلے پر غور کرنے والی خصوصی کمیٹی کی تمام کارروائی محفوظ کر لی جائیگی

مولانا ظفر احمد انصاری کام کی نگرانی کریں گے

حکومت اور اپوزیشن کے درمیان تنازعات باہمی رواداری سے طے کر لیے جائیں گے : مولانا انصاری

وطنِ عزیز جاتے ہوئے

اگر آپ اپنے ساتھ ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ایئرکنڈیشنر، واشنگ مشین، ٹی۔وی اور دوسرا برقی سامان پاکستان لے جانا چاہتے ہیں تو ہم آپ کی خدمت کے لیے تیار ہیں۔

NOW YOU DON'T HAVE TO WORRY FOR YOUR SHIPMENT OF 220 VOLT 50 CYCLE APPLIANCES SUCH AS; REFRIGERATORS OF G.E. ... KELVINATOR, INDISET, PHILCO ETC., AND T.V.'S OF PHILLIPS, ... AIR CONDITIONERS, ... WASHING MACHINES ETC. DIRECTLY FROM EUROPE TO PAKISTAN. WE HAVE MADE SPECIAL ARRANGEMENTS FOR DIRECT SHIPMENT AND DELIVERY WITHIN 8 TO 10 WEEKS. SO PAKISTANIS GOING HOME HURRY UP WHILE THE STOCKS LAST



CONTACT: I. A. RASHEED

TEL: (416) 677-5777

I. A. RASHEED & CO. LTD.
7535 CATALPA ROAD
MALTON (TORONTO), ONTARIO
CANADA



بہت سے دوسرے بازاروں کی طرح انار کلی لاہور کو بھی جھنڈیوں سے آراستہ کیا گیا۔



یوم تشکر کے موقع پر مسجد شہداء رنگ برنگی روشنیوں سے بقعۂ نور بن گئی۔

ہمارا آئندہ شمارہ
عید نمبر
ہوگا
ہمیں اپنے اشتہار اور نگارشات جلد از جلد بھیج دیجئے

نماز جمعہ کے
مشترکہ اجتماع ہوئے
اور شکرانہ کی
نمازیں ادا کی گئیں

قادیانیوں کو دائرۂ اسلام سے خارج کر دینے کی خوشی میں ملک بھر میں یوم تشکر منایا گیا

داؤد حکومت کے مظالم کے خلاف دو افراد احتجاجاً زندہ جل مرے

ذلت و رسوائی کی زندگی سے مرجانا بہتر ہے

جماعت احمدیہ کسی کے سامنے نہیں جھکے گی

"قادیانیوں کو بہت جلد خوشخبری ملنے والی ہے"

حلال گوشت اور مرغیاں

خاص رعایت : پورا یا آدھا حلال بکرا خریدنے والوں کے لیے گوشت کی قیمت ایک ڈالر پچیس سینٹ فی پونڈ ہوگی۔

Afro Asian

918 PAPE AVE, TORONTO.
call at 463-1287.

ٹورانٹو جو شہر ہے بے مثل و پُر بہار
گھر چاہیئے یہاں تو تردد نہ کیجئے
جب آپ کی مدد کو قریشی ہیں مستعد
کیوں ان سے مل کے اپنی تسلی نہ کیجئے!

مکانات کے علاوہ کمرشل اور انڈسٹریل جائیداد کی
خرید و فروخت کیلئے بھی یاد رکھیں ایچ کیتھ لمیٹڈ

H. Keith Limited - Realtor
5302 Dundas St. W. Islington, Ontario
Bus: 239-3581 Res: 676-9377

SULTAN QURESHI



قادیانی پارلیمنٹ کے فیصلے
کو قبول کر لیں تو
ان کا سماجی بائیکاٹ
ختم کر دیا جائے گا

قادیانیوں پر تشدد کے بارے میں ظفر اللہ کا الزام بالکل غلط ہے: مفتی محمود

پاکستان ایران کے لیے ۲۱ بحری جہاز تیار کرے گا

متحدہ عرب امارتوں کے لیے تیار کردہ پہلا جہاز سمندر میں اتار دیا گیا

پشاور اور کابل کے درمیان پی آئی اے کی سروس

ایران اور عرب ممالک یورپ اور امریکہ کا رخ کرنے کی بجائے پاکستان میں سرمایہ لگائیں

ہم غیر ملکی اثاثوں کو قومی تحویل میں نہ لینے کا یقین دلاتے ہیں، پاکستان کو کنسورشیم کے علاوہ دوست ملکوں سے بھی امداد مل رہی ہے

پاکستان چار ارب ڈالر سے زائد کا مقروض ہے

غیر ملکی قرضے حاصل کرنے کے باوجود ہم خودکفیل ہونے کی کوشش کر رہے ہیں

پاکستان سے جنگ افغانستان کے لیے تباہ کن ہوگی، سردار داؤد کو افغان قبائلی سرداروں کا انتباہ

افغانستان پاکستان دشمن پالیسی ترک کر دے

سردار داؤد نیپ کی حمایت سے دستبردار ہو جائیں، افغانستان کے لوگوں کا مطالبہ

فلپائنی مسلمانوں کا قتل عام قابل مذمت واقعہ ہے

پاکستانی کرکٹ ٹیم نے پروڈنشل ٹرافی جیت کر قابل فخر کارنامہ سر انجام دیا ہے

آئندہ سال منعقد ہونے والے عالمی کرکٹ کپ کے لیے پاکستان موزوں امیدوار ہے

جعلی نوٹ جاری کرنے والے گروہ کے ارکان گرفتار

کراچی میں رمضان المبارک کے دوران شراب کے ٹھیکے بند رہیں گے

SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00
FOR TWO YEARS $10.00
SEND CHEQUES TO:

The Crescent
P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada

Telephone (416) 690-1590

NAME ____________________

ADDRESS ____________________

Postal code ____________________

PHONE # ____________________

کریسنٹ

رمضان المبارک

اس مبارک مہینے میں
اسلامی قواعد وضوابط
کی پابندی کی جائے تو یہ دنیا
راحت سکون کا گہوارہ بن جائے

زرِ بصیرت

سلیم تابانی

حضرت فاطمہؓ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے انتقال کو ۶ ماہ گزرے تھے کہ رمضان سنہ ۱۱ھ میں حضرت فاطمہؓ نے وفات پائی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ پیشین گوئی پوری ہوئی کہ میرے خاندان میں سب سے پہلے تم ہی مجھ سے آ کر ملو گی۔ یہ منگل کا دن اور رمضان کی تیسری تاریخ تھی اس وقت زیادہ صحیح روایات کے مطابق ان کا سن ۲۹ سال کا تھا۔

حضرت فاطمہؓ آنحضرتؐ کی محبوب ترین اولاد تھیں آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ فاطمہ میرے جسم کا ایک حصہ ہے جو اس کو ناراض کرے گا وہ مجھ کو ناراض کرے گا اور پھر حضورؐ نے ان کا شمار ان چند مقدس خواتین میں فرمایا ہے جو دنیا میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک برگزیدہ قرار پائی ہیں۔ حدیث میں آیا ہے کہ تمہاری تقلید کے لیے تمام دنیا کی عورتوں میں مریم، خدیجہ، فاطمہ اور آسیہ کافی ہیں۔

سیدہ عالمؓ کی خانگی زندگی کا یہ حال تھا کہ چکی پیستے پیستے ہاتھوں میں چھالے پڑ گئے تھے، مشک میں پانی بھر بھر کر لانے سے سینے میں گٹے پڑ گئے تھے لیکن پائیں ہمہ جب انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک بار گھر کے کاروبار کے لیے لونڈی مانگی اور ہاتھ کے چھالے دکھائے تو ارشاد ہوا کہ جانِ پدر! بدر کے یتیم تم سے پہلے اس کے مستحق ہیں۔ صرف یہی نہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خود ان کو آرائش یا زیب و زینت کی کوئی چیز نہیں دیتے تھے بلکہ اس قسم کی جو چیزیں ان کو دوسرے ذرائع سے بھی ملتی تھیں ان کو بھی ناپسند فرماتے تھے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا تو حضرت فاطمہؓ پر ایک کوہِ مصیبت ٹوٹ پڑا۔ محدثین لکھتے ہیں کہ جب تک زندہ رہیں کبھی تبسم نہیں فرمایا بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ جب صحابہ نعش مبارک کو دفن کر کے واپس آئے تو حضرت فاطمہؓ نے حضرت انسؓ سے پوچھا کہ "کیا تم کو رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر خاک ڈالتے اچھا معلوم ہوا؟"

آج مسلمان عورتیں زمانہ کے نئے حالات سے بدل رہی ہیں، تو اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے سامنے حضرت فاطمہؓ ایسی سعادت مند خواتین کا کوئی اسوہ موجود نہیں اور انہیں یہ معلوم نہیں کہ دینداری، خدا ترسی، پاکیزگی، عفت اور اصلاح و تقویٰ کے ساتھ وہ دنیا کو کیونکر نباہ سکتی ہیں اور دنیا و آخرت دونوں کی نیکیوں کو اپنے آنچل میں کیسے سمیٹ سکتی ہیں

حدیثِ نبوی

عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلعم کا گذر ایک انصاری کے قریب سے ہوا جو اپنے بھائی کو حیا سے باز رکھنے کی نصیحت کر رہا تھا حضورؐ نے اسے فرمایا اسے اسی حالت پر رہنے دو اس لیے کہ حیا ایمان کی ایک شاخ ہے (بخاری و مسلم)

بتوں سے تجھ کو امیدیں خدا سے نومیدی
مجھے بتا تو سہی اور کافری کیا ہے؟
(اقبال)

دلِ مومن کے لئے عید ہے ماہِ رمضاں

از: علی رضا

شعبان المعظم جس کو رسول پاک صلعم نے اپنا مہینہ کہا ہے اس کے بعد

شہر اللہ یعنی اللہ کا مہینہ آجاتا ہے جس کا نام ہے ماہ رمضان المبارک۔ معلوم نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رمضان شریف کو ہی اپنا مہینہ کیوں کہا ہے؟ حالانکہ محرم الحرام، صفر المظفر، ربیع الاول، ربیع الثانی، جمادی الاول، جمادی الآخر، شعبان المعظم، رجب المرجب، ذیقعدہ اور ذوالحجہ کے مہینے بھی موجود تھے یہ مانا کہ شعبان المعظم کو رسول اللہ کا مہینہ ہونے کا شرف حاصل ہوا لیکن باقی مہینے موجود تھے۔ جب بھی ہم خدا کے کاموں کو ذرا گہری نظر سے دیکھتے ہیں تو ہمیں اس کے ہر عمل میں حکمت بالغہ کا ایک بے پایاں سمندر نظر آتا ہے اور ہم یہ کہنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں۔ وہ ہر اچھی چیز کو پسند کرتا ہے اور بری چیز سے نفرت۔ اللہ تعالیٰ نے اسلام پسند کیا تو وہ اعلیٰ۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمان پسند کئے تو وہ اعلیٰ، اللہ تعالیٰ نے قرآن پسند کیا تو وہ اعلیٰ، اپنا محبوب پسند کیا تو وہ اعلیٰ۔ کیا محبوب خدا محمد مصطفیٰ، احمد مجتبیٰ، نبی آخر الزماں کی شان کو کوئی دوسرا پا سکتا ہے! ہرگز نہیں۔

اس لئے ہمیں یہ ماننا پڑے گا کہ اللہ تعالیٰ نے رمضان شریف کو جو اپنا مہینہ کہا ہے اس میں ضرور نہ صرف کوئی مصلحت پوشیدہ ہوگی بلکہ رحمتوں اور برکتوں کا ایک بحر ذخار موجزن ہوگا جس کی کیا بات ہے۔ اس مبارک و سعادت مہینے کی برکات گویا کہ مجسمے خود ذات باری نے اپنے سے منسوب کر دیے۔ رمضان کا مہینہ وہ مہینہ ہے جو قمر تقویٰ ہے جو شہر الرحمان ہے۔

[illegible]

روزہ دار کو سر سے پاؤں تک

روزہ کی حالت میں ہونا چاہئے

[illegible]

یہ عرش عظیم سے اب بھی یہ صدا آ رہی ہے کہ سے
فضائے بدر پیدا کر فرشتے تیری نصرت کو
اتر سکتے ہیں گردوں سے قطار اندر قطار اب بھی

روزے کی نیت

وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ

میں نے خاص اللہ تعالیٰ کیلئے ماہ رمضان کے روزے کی نیت کی۔

افطار کرنے کی نیت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ

اے اللہ میں نے تیرے لئے ہی روزہ رکھا تجھ ہی پر ایمان، تجھ ہی پر بھروسہ کیا اور تیرے ہی رزق پر میں نے روزہ افطار کیا

کینیڈا کی نئی امیگریشن پالیسی

کینیڈا کے وزیر امیگریشن مسٹر اینڈریاس کے حالیہ بیان کے مطابق بیرونی ممالک سے یہاں آنے کے خواہشمند کو امیگریشن پر مزید پابندیاں لگائی جا رہی ہیں۔

کینیڈا اپنے رقبے کے لحاظ سے روس کے بعد دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے مگر یہاں کی کل آبادی ۲۳ ملین سے بھی کم ہے یہاں کی بے شمار خداداد معدنی اور زرعی دولت سے صحیح طور پر مستفید ہونے کے لیے یہ آبادی ناکافی ہے۔ اسی لیے اب تک شمال مغربی یوروپین ممالک سے لوگوں کو یہاں آنے کی ترغیب دینے کے لیے کینیڈین حکومت سالانہ کروڑوں ڈالر خرچ کرتی ہے۔

افراطِ زر (INFLATION) کے موجودہ بین الاقوامی مسئلے کا ایک حل یہ کہا جاتا ہے کہ سستی مزدوری حاصل کر کے زیادہ سے زیادہ اشیاء پیدا کی جائیں۔ کینیڈا کے مسئلہ افراطِ زر کو روکنے میں اب تک یہاں آئے ہوئے تارکین وطن نے سستی لیبر فورس مہیا کر کے بہت مدد دی ہے۔ اس لیے مسٹر اینڈراس کا امیگریشن پر مزید پابندیوں کا اعلان، جبکہ حکومت افراط زر پر قابو پانے کے لیے ہر طرح سے کوشاں ہے، ایک حیران کن بات ہے۔

ایک اندازے کے مطابق ۱۹۷۴ء میں کل ۲۲۵۰۰۰ افراد امیگریشن حاصل کر چکے ہوں گے۔ یہ تعداد اگرچہ زیادہ ہے مگر اس سے پہلے بھی کئی سال ایسے ہیں کہ اس سے زیادہ تعداد میں یہاں لوگ آ چکے ہیں۔ مثلاً ۱۹۵۷ء میں یہاں کل ۲۸۲۰۰۰ اور ۱۹۱۳ء میں ۴۰۰۰۰۰ افراد یہاں آئے۔ فرق صرف یہ ہے کہ پچھلے کئی سالوں سے یہاں آنے والے سفید نسل یورپین باشندے تھے۔ مگر سال موجودہ آنے والوں میں اکثر لاطینی امریکہ، ویسٹ انڈیز، بھارت، پاکستان، فلپائن اور چین کے "رنگ دار" لوگ ہیں۔ اسی لیے امیگریشن پر یہ پابندیاں کینیڈا کو "سفید" رکھنے کی خاطر کی گئی ہیں نہ کہ افراط زر کو روکنے کے لیے۔

لہٰذا ہم وزارت امیگریشن کے اس نسلی تعصب اور امتیاز کے خلاف سخت احتجاج کرتے ہیں!

ٹورانٹو میں نمازِ عید

رمضان المبارک کے بعد اب عید الفطر کی آمد آمد ہے۔ "اسلام کینیڈا" کے فاضل مدیر نے اپنے پرچے کی حالیہ اشاعت میں ٹورانٹو کے مسلمانوں کی توجہ اس اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانے کی کوشش کی ہے کہ ٹورانٹو کی دونوں مسجدوں میں جگہ کی قلت کی بنا پر اکثر نماز عید تین تین دفعہ پڑھائی جاتی ہے جس کی وجہ سے کچھ افراد کو گھنٹوں باہر سردی میں انتظار کرنا پڑتا ہے۔ اور ساتھ ہی مسجد کے قریب تمام محلے میں ہر جگہ کاریں پارک ہونے کی وجہ سے ٹریفک تقریباً جام ہو چکی ہوتی ہے جس سے یہاں کی پولیس اور دوسرے مقامی لوگ سخت نالاں ہیں۔

کیا یہ بہتر ہوگا کہ یہاں کے تمام مسلمان ایک ہی جگہ پر نماز عید ادا کرنے کا انتظام کیا جا سکے!

[illegible]

شکریہ!

مدیر

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو
کینیڈا

الَا اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۔

(القرآن)

جلد ۳ — یکم اکتوبر ۱۹۸۴ء مطابق ۔۔۔ ھ — شمارہ ۱۲

تحریک ختم نبوت کے سلسلے میں گرفتار کئے جانے والے افراد رہا کر دیئے گئے

صوبائی وزرائے اعلیٰ نے وزیراعظم کی ہدایت پر عملدرآمد کیلئے فوری احکامات جاری کر دیئے، رہا ہونیوالوں میں علماء، طلباء اور سیاسی کارکن شامل ہیں

راولپنڈی میں ۲۶ علماء اور طلبہ کی رہائی عمل میں آئی

ملتان اور بعض دوسرے علاقوں میں گرفتاریوں کا پرانا سلسلہ جاری ہے

لاہور — (نامہ نگار خصوصی) وزیراعظم ۔۔۔ تحریک ختم نبوت کے تمام اسیروں کو رہا کرنے کا حکم دیا تھا ۔۔۔ صوبائی وزرائے اعلیٰ نے احکامات جاری کر دیئے ۔۔۔ مختلف شہروں اور صوبائی دارالحکومت میں سینکڑوں افراد کو جیلوں سے رہا کر دیا گیا ۔۔۔ تاہم بعض علاقوں سے ۔۔۔

آئندہ دس بیس برسوں میں قیادت کا تصور بدل جائے گا

پارلیمانی نظام میں بھی وقت کے تقاضوں کے مطابق تبدیلیاں لانی ہوں گی

راولپنڈی — (اپ پ) وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ پاکستان میں نوجوان قیادت کا مستقبل بے حد روشن ہے ۔۔۔ آئندہ دس بیس برس میں ۔۔۔ قیادت کا تصور یکسر بدل جائے گا ۔۔۔

ربوہ کو شہر کی بجائے تحصیل کا درجہ دے دیا گیا

منیر احمد لشاری کا ریذیڈنٹ مجسٹریٹ کی حیثیت سے تقرر

چنیوٹ — (نامہ نگار) ۔۔۔ ربوہ ۔۔۔ تحصیل ۔۔۔ ریذیڈنٹ مجسٹریٹ ۔۔۔ کنٹرول میں لے لیا جائے ۔

تہران میں کھیلوں کے ساتویں ایشیائی مقابلے ختم ہو گئے

پاکستان نے ہاکی اور دوڑ کے فائنل جیت کر دو طلائی تمغے حاصل کئے

تہران — (اے پی) یہاں کھیلوں کے ساتویں ایشیائی مقابلے ختم ہو گئے۔ ان مقابلوں میں پاکستان نے اپنے دیرینہ حریف بھارت کو ہاکی کے فائنل میں ۔۔۔ شکست دے کر طلائی تمغہ حاصل کیا ۔۔۔ کھیلوں کے مقابلوں میں مختلف ملکوں کی پوزیشن مندرجہ ذیل رہی ۔

ملک	سونا	چاندی	کانسی
جاپان	۷۵	۵۰	۵۱
ایران	۳۶	۲۸	۱۷
چین	۳۳	۴۵	۲۸
جنوبی کوریا	۱۶	۲۶	۱۳
شمالی کوریا	۱۵	۱۴	۱۷
اسرائیل	۷	۴	۸
بھارت	۴	۱۲	۲
تھائی لینڈ	۴	۲	۴
انڈونیشیا	۳	۴	۴
منگولیا	۲	۵	۸
پاکستان	۲	-	۹
سری لنکا	۲	-	-
سنگاپور	۱	۷	-
برما	۱	۲	۴
عراق	۱	-	۵
فلپائن	-	۲	۱۲
ملائشیا	۱	۴	-
کویت	-	۱	-
افغانستان	-	-	۱

پاکستان نے اقتصادی میدان میں زبردست ترقی کی ہے

امریکی محکمہ اقتصادیات کا اظہار تحسین

واشنگٹن — (اپ پ) امریکی محکمہ اقتصادیات نے پاکستان کی اقتصادی ترقی پر گہرے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم بھٹو کی قیادت کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اور پاکستان کے بہتر اقتصادی مستقبل کی پیشگوئی کی ہے۔ امریکی محکمہ کا کہنا ہے کہ پاکستان نے سیاسی اور اقتصادی میدان میں گزشتہ دو سال میں زبردست ترقی کی ہے۔ پاکستان نے عزت کے ساتھ اپنی پالیسی کو کامیابی سے چلایا ہے ۔۔۔ غیر ملکی قرضوں کی واپسی کے لئے ۔۔۔ یہ مسئلہ حل ہونے سے پاکستان کی اقتصادیات کا ایک بڑا بوجھ ختم ہو جائے گا۔ محکمہ اقتصادیات نے پاکستان کی برآمدات اور غیر ملکی زرمبادلہ کمانے کی تجارت کے توازن پر بھی اظہار اطمینان کیا ہے۔

ہم ربوہ ہیڈکوارٹر کو پاکستان سے باہر منتقل کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے

قادیانیوں کو اپنے مسلمان ہونے کے بارے میں کسی کی تائید کی ضرورت نہیں

پاکستان میں میرے فرقے کے افراد پر اب بھی تشدد کیا جا رہا ہے

لندن — بشیر ریقی نمائندہ خصوصی ۔۔۔ چودھری سر ظفر اللہ نے پاکستان کی پارلیمنٹ کے حالیہ فیصلے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ قادیانیوں کو اپنے مسلمان ہونے کے بارے میں کسی کی تائید کی ضرورت نہیں ۔۔۔

تو فیق عطا فرمائے۔ ۔۔۔

مسجد قرطبہ پانچ سو سال کے بعد مسلمانوں کے حوالے کر دی گئی

۱۳ ستمبر کو عالم اسلام کے ممتاز نمائندوں نے مسجد میں نماز جمعہ ادا کی

پشاور — (اپ پ) اندلس (سپین) سے موصولہ اطلاع کے مطابق آخرکار پانچ سو سال کی مدت کے بعد اندلس کی مشہور اور تاریخی مسجد قرطبہ عالم اسلام کے ممتاز نمائندوں کی موجودگی ۔۔۔ مسلمانوں کے حوالے کر دی گئی ۔۔۔ جب حکیم الامت علامہ اقبال ۔۔۔ نے دو رکعت نماز نفل مسجد قرطبہ میں ادا کی اور مسجد قرطبہ پر ایک یادگار نظم لکھی تھی ۔۔۔